© rasailojaraid.com

کرتا ہے۔ کتاب نہ صرف ان مذکورہ قدسی صفات حضرات کے مناقب وفضائل پر مشتمل ہے بلکہ اس حوالے سے مستند احادیث کا ایک بیش قیمت مجموعہ بھی ہے حقیقت یہ ہے کہ یہ کتاب اس قابل ہے کہ ہر مدرسے اور ہر لائبریری کی زینت بنائی جائے۔

---

کتاب: نمازِ حبیبؐ مولف: ڈاکٹر محمود الحسن عارف

ضخامت: ۲۵۶ صفحات قیمت: ۱۰۰ روپے

ناشر: مطبع ادب اسلامی گلشن راوی لاہور

نماز اسلام کا عملی بنیادی ارکان میں اہم ترین عبادت ہے جس کے بارے میں قرآن پاک میں کافی آیتیں اور ذخیرہ احادیث میں معتد بہ حصہ اس کی اہمیت پر دال ہے۔ اسی اہمیت کے پیش نظر اس کے مقتضیات بھی اور عبادات کی نسبت سے زیادہ اہم ہیں۔ چنانچہ اسی موضوع پر قدیماً وحدیثاً ہر زبان میں چھوٹی اور بڑی کتابیں معرض وجود میں آئی ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب بھی اسی مبارک سلسلہ کی ایک اہم ترین کڑی ہے جس کے متعلق شذرات میں جناب مولانا حافظ فضل الرحیم صاحب مدظلہ تحریر فرماتے ہیں۔

''فاضل مولف نے اس کتاب میں نماز کی فرضیت شرائط اور ارکان نماز احکام طہارت نماز کے فرائض و ارکان اس کے واجبات مستحبات مفسدات' مکروہات' جماعت نماز اور اس سے متعلقہ مسائل اذان واقامت امت اور اس کی شرائط نماز کے بعد کی مسنون دعائیں نوافل وسنن' نماز تہجد' نماز تراویح ' صلوۃ الحاجۃ' نمازِ وتر جمعہ وعیدین' نماز جنازہ اور صبح وشام کی مسنون دعاؤں پر قلم اٹھایا ہے کتاب کی سب سے عمدہ بات یہ ہے کہ اس کا مصنف نے ہر مسئلے کا قرآن وحدیث سے اثبات کیا ہے اور ہر مسئلے کا اپنا ماخذ بیان کیا ہے۔ اسی طرح یہ کتاب یہ صرف نماز کی کتاب نہیں بلکہ نماز کے مختلف مسائل کے بارے میں ان کے حتمی دلائل پر مشتمل ہے۔''

ڈاکٹر محمد امین صاحب نے اس کے بارے میں مختصر مگر جامع تبصرہ کیا ہے کہ

''یہ کتاب ہر اس شخص کی ضرورت ہے جو نماز پڑھنا چاہتا ہے''

بلاشبہ نماز حبیبؐ اپنے موضوع اور اس کے شمولات ومحتوبات کا اعتبار سے ایک گرانقدر کاوش اور بہترین کوشش ہے۔ صوری اور ظاہری لحاظ سے انتہائی خوبصورت اور دیدہ زیب ہے اللہ تعالیٰ مصنف کو جزائے خیر عطا فرمائے جنہوں نے ایک مفید قیمتی سوغات اور تحفہ اردو دان طبقہ کے لئے تیار کیا ہے۔

© rasailojaraid.com